© rasailojaraid.com



## کاشف الاسرار

مؤلف : مولانا محمد صدیق　　　ناشر : عمیر اکیڈیمی ۔ لائل پور

صفحات : ۱۴۴　　طباعت : عمدہ　　قیمت : درج نہیں

زیر تبصرہ کتاب کے دیباچہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مولوی غلام حسین صاحب نے نعیم الابرار کے نام سے شیعہ مسلک کے مطابق ایک کتاب لکھی جس میں انھوں نے اہلِ سنت وجماعت پر ۲۲ سوالات بصورت اعتراضات درج کئے ۔ ان اعتراضات کے جواب میں مولانا محمد صدیق صاحب نے یہ کتاب لکھی ۔ کتاب کی نوک پلک جناب محمد سلیمان اظہر صاحب نے سنواری ہے ۔

زیرِ بحث مسائل میں بناتِ رسولؐ ، ایثارِ صحابہؓ ، خلفائے راشدین اور اہلِ بیت کی باہمی رشتہ داریاں ، واقعہ قرطاس اور حضرت عمرؓ ، مشاجراتِ صحابہؓ اور طائفہ منصورین جیسے مسائل و مباحث شامل ہیں ۔ مؤلف نے معتبر شیعہ کتابوں سے اکثر استشہاد کیا ہے ۔ تحریر میں مناظرانہ لب و لہجہ اختیار کیا گیا ہے ۔

---

## مختصر تذکرہ حضرت شاہ ولی محمد چشتیؒ

مؤلف : حکیم سید اکرام حسین شاہ سیکری

ملنے کا پتہ : " رہنمائے صحت " کھائی روڈ حیدرآباد یا مہتمم خانقاہ چشتیہ ٹنڈو الہ یار (سندھ)

صفحات : ۶۴　　　قیمت : ایک روپیہ

حضرت شاہ ولی محمد چشتیؒ ریاست سیکر (راجپوتانہ) کے معروف بزرگ ہیں ۔ سلسلہ چشتیہ میں مسکین شاہ جے پوریؒ کے خلیفہ تھے ۔ مرحوم سیکر کے راجہ راؤ کے لبیب خاص ، اُستاد اور راجہ کی طرف سے ایسٹ انڈیا کمپنی کے لئے وکیل کے منصب پر فائز تھے ۔ مگر مسکین شاہ جے پوریؒ سے اجازتِ بیعت و خلافت ملنے پر ملازمت سے کنارہ کشی اختیار کرلی اور اصلاحِ عوام میں منہمک ہو گئے ۔

زیرِ نظر کتابچہ اکرام حسین شاہ صاحب نے اپنے روحانی پیشوا کے حضور بطور نذرانۂ عقیدت پیش کیا ہے ۔ کتابچہ کے پہلے حصہ میں حضرت شاہ ولی محمد چشتی کے حالاتِ زندگی درج کئے گئے ہیں ۔ دوسرے حصہ میں شجرۂ سلسلہ منظوم خراجِ عقیدت اور قطعات تاریخ درج ہیں ــــــــ جناب وفا راشدی اور صوفی محمد عبدالشکور لبل پوش نے تعارف و تقریظ لکھی ہے ۔ کتابت کی غلطیاں کھٹکتی ہیں ۔